احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 3 مارچ 2010ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 3 مارچ 2010ء 16 ربیع الاول 1431 ہجری 3/امان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 48

میں خدا کے حکم کے بغیر کچھ نہیں کرتا

صلح حدیبیہ کی بظاہر مسلمانوں کے مخالف شرائط دیکھ کر حضرت عمرؓ آنحضرت ﷺ سے کہنے لگے کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا ہاں حق پر ہیں۔ عرض کیا پھر ہم باطل سے دب کر صلح کیوں کر رہے ہیں؟ کیا آپؐ نے ہمیں یہ نہیں فرمایا تھا کہ ہم امن سے طواف کریں گے؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ہاں لیکن میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ اسی سال طواف کریں گے؟ ”میں اب بھی یہ کہتا ہوں کہ ہم امن کے ساتھ طواف کریں گے“۔ پھر فرمایا کہ ”میں خدا کا رسول ہوں اور خدا کے حکم کے بغیر کچھ نہیں کرتا اور وہی میرا ساتھی اور مددگار ہے۔“ حضرت عمرؓ کو بعد میں اپنے ان سوالات کی وجہ سے بہت ندامت ہوتی تھی۔ اس کی تلافی کے طور پر انہوں نے بہت صدقہ اور خیرات بھی کیا۔

﴿بخاری کتاب الشروط باب الشروط فی الجہاد حدیث نمبر 2529﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اللہ کا خوف اسی میں ہے کہ انسان دیکھے کہ اس کا قول وفعل کہاں تک ایک دوسرے سے مطابقت رکھتا ہے۔ پھر جب دیکھے کہ اس کا قول وفعل برابر نہیں تو سمجھ لے کہ مورد غضب الٰہی ہوگا۔ جو دل ناپاک ہے خواہ قول کتنا ہی پاک ہو وہ دل خدا کی نگاہ میں قیمت نہیں پاتا۔ بلکہ خدا کا غضب مشتعل ہوگا۔ پس میری جماعت سمجھ لے کہ وہ میرے پاس آئے ہیں' اسی لئے کہ تخم ریزی کی جاوے جس سے وہ پھلدار درخت ہو جائے۔ پس ہر ایک اپنے اندر غور کرے کہ اس کا اندرونہ کیسا ہے؟ اور اس کی باطنی حالت کیسی ہے؟ اگر ہماری جماعت بھی خدانخواستہ ایسی ہے کہ اس کی زبان پر کچھ ہے اور دل میں کچھ ہے تو پھر خاتمہ بالخیر نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ ایک جماعت جو دل سے خالی ہے۔ اور زبانی دعوے کرتی ہے۔ وہ غنی ہے۔ وہ پروا نہیں کرتا۔ بدر کی فتح کی پیشگوئی ہو چکی تھی' ہر طرح فتح کی امید تھی' لیکن پھر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رو رو کر دعا مانگتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا کہ جب ہر طرح فتح کا وعدہ ہے' تو پھر ضرورت الحاح کیا ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ وہ ذات غنی ہے' یعنی ممکن ہے کہ وعدۂ الٰہی میں کوئی مخفی شرائط ہوں۔

پس ہمیشہ دیکھنا چاہئے کہ ہم نے تقویٰ وطہارت میں کہاں تک ترقی کی ہے۔ اس کا معیار قرآن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے متقی کے نشانوں میں ایک یہ بھی نشان رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو مکروہات دنیا سے آزاد کر کے اس کے کاموں کا خود کفیل ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ فرمایا (-) جو شخص خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ ہر ایک مصیبت میں اس کے لئے راستہ مخلصی کا نکال دیتا ہے اور اس کے لئے ایسے روزی کے سامان پیدا کر دیتا ہے کہ اس کے علم وگمان میں نہ ہوں' یعنی یہ بھی ایک علامت متقی کی ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو نابکار ضرورتوں کا محتاج نہیں کرتا۔ مثلاً ایک دوکاندار یہ خیال کرتا ہے کہ دروغگوئی کے سوا اس کا کام ہی نہیں چل سکتا' اس لئے وہ دروغگوئی سے باز نہیں آتا اور جھوٹ بولنے کے لئے وہ مجبوری ظاہر کرتا ہے' لیکن یہ امر ہرگز سچ نہیں۔ خدا تعالیٰ متقی کا خود محافظ ہو جاتا ہے اور اسے ایسے مواقع سے بچا لیتا ہے جو خلاف حق پر مجبور کرنے والے ہوں۔ یاد رکھو جب اللہ تعالیٰ کو کسی نے چھوڑا' تو خدا نے اسے چھوڑ دیا۔ جب رحمان نے چھوڑ دیا تو ضرور شیطان اپنا رشتہ جوڑے گا۔

یہ نہ سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کمزور ہے۔ وہ بڑی طاقت والا ہے۔ جب اس پر کسی امر میں بھروسہ کرو گے وہ ضرور تمہاری مدد کرے گا (-) لیکن جو لوگ ان آیات کے پہلے مخاطب تھے' وہ اہل دین تھے۔ ان کی ساری فکریں محض دینی امور کے لئے تھیں اور دنیوی امور حوالہ بخدا تھے' اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو تسلی دی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ غرض برکات تقویٰ میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو ان مصائب سے مخلصی بخشتا ہے جو دینی امور میں حارج ہوں۔

﴿ملفوظات جلد اول ص 8﴾

انتخاب عہدیداران جماعت

﴿2010ء تا 2013ء﴾

جماعت ہائے احمدیہ پاکستان کی آگاہی کیلئے بذریعہ اخبار الفضل اعلان کیا جاتا ہے کہ عہدیداران جماعت احمدیہ پاکستان کے موجودہ سہ سالہ تقرر کی میعاد 30 جون 2010ء کو ختم ہو رہی ہے۔ آئندہ سہ سالہ ٹرم از یکم جولائی 2010ء تا 2013ء کیلئے عہدیداران جماعت ہائے احمدیہ کے انتخاب جلد از جلد کروائے جانے کی درخواست ہے۔ براہ مہربانی 15 مارچ 2010ء تک تمام عہدیداران کے انتخاب کروا کر دفتر نظارت علیاء میں بھجوا دیئے جائیں تاکہ ضروری کارروائی کے بعد بروقت جماعتوں کو نئے عہدیداران کی منظوریاں بھجوائی جاسکیں۔

نیز اس بات کا خاص التزام کیا جائے کہ انتخاب عہدیداران قواعد وہدایات کے مطابق ہوں تاکہ قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔ امراء وصدر صاحبان اس بات کا خاص خیال رکھیں تاکہ انتخاب عہدیداران کے وقت انتخابی میٹنگ یا مجلس انتخاب کا صدر ایسے دوست کو نامزد کیا جائے جن کا نام امیر یا صدر کے لئے پیش نہ ہوسکتا ہو۔ زیادہ بہتر صورت یہ ہوگی کہ عہدیداران کا انتخاب مربیان سلسلہ، معلمین کرام' انسپکٹر مال آمد اور امیر صاحب ضلع یا ان کے مقرر کردہ نمائندہ کی زیر صدارت کروایا جائے۔

﴿ناظر اعلیٰ﴾

حقیقی نیکی

غریب اور مستحق دل کے مریضوں کی مالی معاونت کے لئے ”نادار مریضان“ کے نام سے ایک مد قائم ہے۔ احباب جماعت اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

”تم ہرگز نیکی کو پا نہیں سکو گے یہاں تک کہ تم ان چیزوں میں سے خرچ کرو جن سے تم محبت کرتے ہو۔“

(آل عمران: 93)

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ)

بدرسوم سے بچیں اپنی خوشی کی تقریبات کو دینی تعلیمات کے تابع رکھیں

اپنے بچوں کی سوچیں اور طرز زندگی دینی اقدار کے مطابق بنائیں

معاشرے کی برائیوں سے اپنی اولاد کو محفوظ رکھنے کی پریشانی کا حل نماز ہے۔ پھر تلاوت قرآن کریم ہے۔ اس میں باقاعدگی ہونی چاہئے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود کی کتابوں کا مطالعہ بھی بہت ضروری ہے۔ خلافت کی برکات سے دائمی حصّہ پانے اور اپنی آئندہ نسلوں کو محفوظ رکھنے کے لئے خلافت کے ساتھ چمٹے رہیں۔

لجنہ اماء اللہ پاکستان کی مجلس شوریٰ 2009ء کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی پیغام کا متن

پیاری ممبرات مجلس شوریٰ!

الحمدللہ کہ لجنہ اماء اللہ پاکستان کو امسال بھی مجلس شوریٰ منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور تقویٰ پر مبنی مفید آراء پیش کرنے کی توفیق دے۔ مجھ سے اس موقعہ پر پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میں آپ کو چند باتوں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ انہیں پوری توجہ اور غور سے سنیں۔ خود بھی ان پر عمل کرنے کی کوشش کریں اور واپس جا کر اپنی اپنی جماعتوں میں میری یہ نصائح پہنچادیں۔ اللہ سب کو عمل کرنے کی توفیق دے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''مَیں دیکھتا ہوں کہ ہمارے گھروں میں قسم قسم کی خراب رسمیں اور نالائق عادتیں جن سے ایمان جاتا رہتا ہے گلے کا ہار ہو رہی ہیں...... سو آج ہم کھول کر باآواز بلند کہہ دیتے ہیں کہ سیدھا راہ جس سے انسان بہشت میں داخل ہوتا ہے یہی ہے کہ شرک اور رسم پرستی کے طریقوں کو چھوڑ کر دین (۔) کی راہ اختیار کی جائے۔ اور جو کچھ اللہ جل شانہ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے اور اس کے رسولؐ نے ہدایت کی ہے اس راہ سے نہ بائیں طرف منہ پھیریں نہ دائیں۔ اور ٹھیک ٹھیک اسی راہ پر قدم ماریں۔ اور اس کے برخلاف کسی راہ کو اختیار نہ کریں...... ہماری قوم میں یہ بھی ایک بدرسم ہے کہ شادیوں میں صدہا روپیہ کا فضول خرچ ہوتا ہے۔ سو یاد رکھنا چاہئے کہ شیخی اور بڑائی کے طور پر برادری میں بھاجی تقسیم کرنا اور اس کا دینا اور کھانا یہ دونوں باتیں عندالشرع حرام ہیں اور آتش بازی چلوانا اور کنجروں اور ڈوموں کو دینا یہ سب حرامِ مطلق ہے۔ ناحق روپیہ ضائع جاتا ہے۔ گناہ سر چڑھتا ہے۔ صرف اتنا حکم ہے کہ نکاح کرنے والا نکاح کے بعد ولیمہ کرے۔ یعنی چند دوستوں کو بلا کر کھانا کھلا دیوے۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 67 تا 71)

پس میری پہلی نصیحت تو یہ ہے کہ بدرسوم سے بچیں اور سچ مچ (۔) تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے فضول خرچی اور دیگر منہیات سے بچیں جن سے بچنے کا خدا اور اس کے رسول نے حکم دیا ہے۔ محض دنیاوی نمود و نمائش اور ایک دوسرے سے مقابلہ بازی میں ایسے مواقع پر نیک نصائح کو بھلا نہ دیا کریں اور ہمیشہ اپنی خوشی کی تقریبات کو دینی تعلیمات کے تابع رکھیں۔

پھر دیکھیں کہ آج کے دور میں جدید ذرائع ابلاغ نے جہاں انسان کو ترقی کی راہوں پر ڈالا ہے وہاں انٹرنیٹ اور ٹی وی چینلز سے بہت سی برائیاں بھی ماحول کا حصہ بنی ہیں۔ آئے دن نئے نئے فیشن متعارف ہو رہے ہیں اور ان میں سے بہت سے ایسے ہوتے ہیں جو ایک مہذب قوم ہرگز اختیار نہیں کر سکتی۔ اپنے بچوں پر بچپن سے نگاہ رکھیں اور ان کی سوچیں اور طرز زندگی دینی اقدار کے مطابق بنائیں۔

حضرت مسیح موعود کی بعثت کا مقصد اپنی جماعت کو (۔) تعلیمات پر قائم کرنا اور ایک مثالی معاشرے کا قیام ہے۔ ہماری بچیاں باقی بچیوں سے منفرد نظر آنی چاہئیں۔ ان کی گفتگو سلجھی ہوئی اور پاکیزہ ہونی چاہئے۔ ان کی چال ڈھال، لباس اور حرکات اور سکنات سے...... تعلیمات جھلکتی نظر آنی چاہئیں۔ دس گیارہ سال کی عمر سے ہی انہیں سر ڈھانپنے اور پورا اور مناسب لباس پہننے کی عادت ڈالیں۔ جو پردے کی عمر کو پہنچ چکی ہیں ان کے پردے کا خیال رکھیں۔ گھروں میں بار بار کی نیک نصائح اور اپنے سے چھوٹی بچیوں کے لئے آپ کا نیک نمونہ آئندہ نسلوں کو دینی تعلیمات پر قائم کرتا چلا جائے گا۔ مَیں کئی بار لجنہ کے اجتماعات اور جلسوں کی تقاریر میں بچیوں کی نیک تربیت کرنے اور پردے کی اہمیت کی طرف توجہ دلا چکا ہوں۔ میری یہ نصائح بار بار سنیں اور اپنی بچیوں کو بھی سنائیں تاکہ کوئی دنیوی آلائشیں آپ کو دینی تعلیمات سے دور نہ لے جاسکیں۔

بہت سے والدین اپنی اولاد کے لئے فکرمند اور پریشان رہتے ہیں اور معاشرے کی برائیوں سے اپنی اولاد کو محفوظ رکھنے کی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ قرآن شریف نے ان کی اس پریشانی کا حل نماز بتایا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے ...... (العنکبوت: 46) یقیناً نماز بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روکتی ہے۔ اس سے انسان کی ظاہری اور باطنی پاکیزگی ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ کا قرب نصیب ہوتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''خدا تعالیٰ کے حکموں کو بے قدری سے نہ دیکھو۔ موجودہ فلسفہ کی زہر تم پر اثر نہ کرے۔ ایک بچے کی طرح بن کر اس کے حکموں کے نیچے چلو۔ نماز پڑھو۔ نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے''۔

(ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 49)

پھر فرماتے ہیں: ''حدیث شریف میں آیا ہے کہ ...... یعنی نماز ہی دعا ہے۔ نماز عبادت کا مغز ہے...... یہی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہوتی ہے اور انسان کو نامعقول باتوں سے ہٹاتی ہے۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 283)

پھر تلاوتِ قرآن کریم ہے۔ اس میں بھی باقاعدگی ہونی چاہئے۔ روزانہ صبح کے وقت ہر احمدی گھر سے تلاوت کی آواز اٹھنی اور سنائی دینی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں تلاوت کرنے کا حکم دیا ہے اور اس کے لئے سب سے زیادہ موزوں وقت بھی بتا دیا ہے اور پھر یہ کہ کس طرح تلاوت کرنی چاہئے اس کی طرف بھی ہماری راہنمائی فرمادی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ...... (سورۃ بنی اسرائیل: 79) مطلب یہ کہ یقیناً فجر کو قرآن پڑھنا ایسا ہے کہ اس کی گواہی دی جاتی ہے۔ نیز فرمایا: ...... (سورۃ المزمل: 5) یعنی قرآن کریم کو خوش الحانی سے پڑھا کرو۔ احادیث میں بھی جابجا تلاوتِ قرآن کی اہمیت اور برکات کا مضمون بیان ہوا ہے۔ تلاوت قرآن کریم یقیناً ایک ایسا بابرکت اور باثمر عمل ہے کہ جس سے انشاء اللہ آپ کی آئندہ نسلیں سنور جائیں گی۔ اس سے خیالات میں پاکیزگی پیدا ہوتی ہے۔ نیکیوں پر قدم مارنے کی توفیق ملتی ہے۔ دینی علم بڑھتا ہے اور محبوبِ حقیقی کا درشن ہوتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''وہ خدا جس کے ملنے میں انسان کی نجات اور دائمی خوشحالی ہے وہ بجز قرآن شریف کی پیروی کے ہرگز نہیں مل سکتا...... یقیناً سمجھو کہ جس طرح یہ ممکن نہیں کہ ہم بغیر آنکھوں کے دیکھ سکیں یا بغیر کانوں کے سن سکیں یا بغیر زبان کے بول سکیں اسی طرح یہ بھی ممکن نہیں کہ بغیر قرآن کے اس پیارے محبوب کا منہ دیکھ سکیں''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 442)

پھر فرماتے ہیں: ''خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن میں ہیں۔ یہی بات سچ ہے...... قرآن وہ کتاب ہے جس کے مقابل پر تمام ہدایتیں ہیچ ہیں''۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 27)

اسی طرح حضرت مسیح موعود کی کتابوں کا مطالعہ بھی بہت ضروری ہے۔ آپ نے جس امام کو مانا ہے ان کی کتابیں پڑھیں گی تو آپ کو ان کی تعلیمات کا پتہ چلے گا۔ حضور نے خود بھی جماعت کو اپنی کتابیں پڑھنے کی تاکید اور نصیحت فرمائی ہے۔ آپ مامور من اللہ تھے۔ اس لئے آپ کی کتابیں اللہ تعالیٰ سے تائید یافتہ ہیں۔

آپ فرماتے ہیں: ''یہ رسائل جو لکھے گئے ہیں تائید الٰہی سے لکھے گئے ہیں۔ میں ان کا نام وحی اور الہام تو نہیں رکھتا مگر یہ تو ضرور کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی خاص اور خارق عادت تائید نے یہ رسالے میرے ہاتھ سے نکلوائے ہیں''۔

(سرالخلافہ روحانی خزائن جلد 8 صفحہ 415)

پس مامور زمانہ کی تحریرات کو پڑھنا بھی بہت ضروری ہے۔ اس سے علم بھی بڑھے گا۔ دلائل بھی ملیں گے۔ مخالفین کے اعتراضات کا جواب دینے کی جرأت بھی پیدا ہوگی اور اصلاح نفس اور روحانی ترقی کی توفیق بھی ملے گی۔ آپ نے ہمیں ایک ہاتھ پر جمع کیا اور آپ کی انہی کتابوں سے ہمیں قدرتِ ثانیہ کی نوید بھی ملی۔

آپ فرماتے ہیں: ''سو اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

مکرم چوہدری ناز احمد ناصر صاحب

وصیت ایک آسمانی تحریک

دنیا میں ایک دستور چلا آ رہا ہے کہ جب کسی کی وفات کا وقت قریب آتا ہے تو وہ اپنی اولاد کو کچھ نصیحتیں کرتا ہے، جسے اس کی طرف سے وصیت بھی کہا جاتا ہے،اسی طرح انبیاء کا بھی یہ دستور رہا ہے کہ اپنی وفات کو قریب دیکھ کر وہ اپنی امت کو وصیت کے رنگ میں نصیحتیں کرتے ہیں۔تمام انبیاء کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے بھی حجتہ الوداع کے موقع پر امت مسلمہ کو وصیت کے رنگ میں نصحیتیں فرمائیں۔

اسی طرح کے تحت جب حضرت مسیح موعود کو کثرت سے اپنی وفات کے بارہ میں الہامات ہونے شروع ہوئے تو آپ نے ایک رسالہ تصنیف فرمایا جس کا نام ''**الوصیت**،، رکھا۔ اس رسالہ میں سب سے پہلے آپ نے ان الہامات کا ذکر فرمایا جو آپ کی اپنی وفات کے متعلق تھے۔آپ فرماتے ہیں:۔

''پھر بعد اس کے خدا تعالیٰ نے میری وفات کی نسبت اردو زبان میں مندرجہ ذیل کلام کے ساتھ مجھے مخاطب کر کے فرمایا: بہت تھوڑے دن رہ گئے ہیں، اس دن سب پر اداسی چھا جائے گی۔ یہ ہوگا، یہ ہوگا، یہ ہوگا۔ بعد اس کے تمہارا واقعہ ہوگا، تمام حوادث اور عجائبات قدرت دکھلانے کے بعد تمہارا حادثہ آئے گا،،

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20،صفحہ 302)

پھر آپ نے اپنی جماعت کو حاصل ہونے والی ترقیات کے متعلق فرمایا:۔

''خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تو میری طرف سے نذیر ہے۔ میں نے تجھے بھیجا تا مجرم نیکو کاروں سے الگ کئے جائیں اور فرمایا کہ دنیا میں ایک نذیر آیا۔ پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا۔لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا۔ میں تجھے اس قدر برکت دوں گا کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے،،

(رسالہ الوصیت ۔روحانی خزائن جلد20،صفحہ 302)

ازاں بعد آپ نے دو اہم امور کا وصیت کے رنگ میں ذکر فرمایا:

''......کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے، جیسا کہ وہ فرماتا ہے......(خدا نے لکھ رکھا ہے کہ وہ اور اس کے نبی غالب رہیں گے۔ المجادلہ: 22)......اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہیں کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے، مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقع دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے:

(1) اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے، (2) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے......

تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے....،،

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20،صفحہ 304)

اس تحریر میں آپ نے جماعت میں خلافت کے قیام کی طرف اشارہ فرمایا خدا تعالیٰ کے فضل نے آپ کی وفات کے فوراً بعد 27 مئی 1908ء کو حضرت مولانا نورالدین صاحب کو منصب خلافت عطا فرما کر اس وصیت پر خود ہی عمل کروا دیا۔

دوسری وصیت جو آپ نے اس رسالہ میں فرمائی وہ بہشتی مقبرہ کے قیام کے متعلق تھی، جس کے متعلق فرمایا:

''اور مجھے ایک جگہ دکھلائی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے............اور ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں،،

(رسالہ الوصیت ۔روحانی خزائن جلد20،صفحہ 316)

اس بہشتی مقبرہ کے متعلق اس طرح دعا کی۔

''اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی۔

(روحانی خزائن جلد20،صفحہ 316،مطبوعہ 1984ء)

بہشتی مقبرہ کے متعلق مزید اس طرح دعا کی۔

''پھر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں سے ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں۔ آمین یا رب العالمین،،

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20،صفحہ 316)

پھر تیسری مرتبہ اس طرح دعا کی:

''پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم اے خدائے غفور و رحیم تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجالاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں، جن سے تو راضی ہے اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔آمین یا رب العالمین،،

(روحانی خزائن جلد20،صفحہ 317)

بہشتی مقبرہ کے متعلق بشارات کے ضمن میں فرمایا:

''اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ اُنزِلَ فِیھَا کُلُّ رَحمَۃٍ ،یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔اس لئے خدا نے میرا دل اپنی وحی خفی سے اس طرف مائل کیا کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں کہ وہی لوگ اس میں داخل ہو سکیں جو اپنے صدق اور کامل راست بازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں،،

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20،صفحہ 318)

حضرت مسیح موعود نے نظام وصیت کے لئے مالی قربانیوں کی طرف بلاتے ہوئے فرمایا:

''بالآخر یہ بھی یاد رہے کہ بلاؤں کے دن نزدیک ہیں اور ایک سخت زلزلہ جو زمین کو تہ و بالا کر دے گا قریب ہے۔ پس وہ جو معائنہ عذاب سے پہلے اپنا تارک الدنیا ہونا ثابت کر دیں گے، کہ کس طرح انہوں نے میرے حکم کی تعمیل کی، خدا کے نزدیک حقیقی مومن وہی ہیں اور اس کے دفتر میں سابقین اولین لکھے جائیں گے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ زمانہ قریب ہے کہ ایک منافق جس نے دنیا سے محبت کر کے اس حکم کو ٹال دیا ہے، وہ عذاب کے وقت آہ مار کر کہے گا کہ کاش میں تمام جائیداد، کیا منقولہ اور کیا غیر منقولہ، خدا کی راہ میں دے دیتا اور اس عذاب سے بچ جاتا۔ یاد رکھو کہ اس عذاب کے معائنہ کے بعد ایمان بے سود ہوگا اور صدقہ خیرات محض عبث۔ دیکھو! میں بہت قریب عذاب کی تمہیں خبر دیتا ہوں۔ اپنے لئے وہ زاد جلد تر جمع کرو کہ کام آوے۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ تم سے کوئی مال لوں اور اپنے قبضہ میں کر لوں، بلکہ تم اشاعتِ دین کے لئے ایک انجمن کے حوالے اپنا مال کرو گے اور بہشتی زندگی پاؤ گے۔ بہتیرے ایسے ہیں کہ وہ دنیا سے محبت کر کے میرے حکم کو ٹال دیں گے مگر بہت جلد دنیا سے جدا کئے جائیں گے......

(ضمیمہ رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ 329)

وصیت کی اہمیت اور اس سے حاصل ہونے والے انعامات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں۔

''اگر صحیح طور پر جماعت کو وصیت کی اہمیت بتائی جائے اور بتایا جائے کہ خدا کا قائم کردہ طریق ہے تو میں سمجھتا ہوں ہزاروں آدمی جنہیں تا حال اس طرف توجہ نہیں ہوئی وصیت کے ذریعہ سے اپنے ایمان کو کامل کر کے دکھائیں گے۔ وصیت کی تحریک خدا کی طرف سے ہے اور اس کے ساتھ بہت سے انعامات وابستہ ہیں۔ابھی تک جنہوں نے وصیت نہ کی وہ کر کے اپنے ایمان کے کامل ہونے کا ثبوت دیں۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود نے لکھا ہے کہ جو شخص وصیت نہیں کرتا مجھے اس کے ایمان میں شبہ ہے،،

(الفضل 27 اپریل 1943ء)

ایک اور موقع پر، کہ ہر فرد وصیت کرے، نصیحت فرماتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''اس وقت میرے نزدیک کم سے کم تحریک یہ ہونی چاہئے کہ جماعت کا ہر فرد وصیت کر دے.....میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے کم از کم اس قدر ایمان کا مظاہرہ کرنا ضروری ہے کہ وہ وصیت کر دے اور کوشش کرے کہ ہماری جماعت میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہ رہے جس نے وصیت نہ کی ہو۔ اگر اس تحریک کو پورے زور سے جاری رکھا جائے تو دشمن کا منہ خود بخود بند ہو جائے گا اور وہ سمجھے گا کہ ان لوگوں میں ایمان کی سچی حلاوت پائی جاتی ہے۔کوئی مرد اور کوئی عورت اور کوئی بالغ بچہ ایسا نہ رہے جس نے وصیت نہ کی ہو۔ تا دنیا کو معلوم ہو جائے کہ تم میں حقیقی ایمان پایا جاتا ہے،،

(الفضل 5 جون 1948ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''اللہ تعالیٰ جب بھی کوئی تحریک جماعت احمدیہ کے کسی خلیفہ کے دل میں ڈالتا ہے تو اس کے متعلق آپ کو پوری طرح مطمئن ہونا چاہئے کہ ضرور کوئی الٰہی اشارے ایسے ہیں جو مستقبل کی خوش آئند باتوں کا پتہ دے رہے ہیں اور وہ تحریک جو بظاہر معمولی سی آواز اٹھتی نظر آتی ہے ایک عظیم الشان عمارت میں تعمیر ہو جاتی ہے۔ جس تحریک میں آپ اس لئے حصہ لیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ مسیح موعود کے خلیفہ کی تحریک ہے تو اس میں عظیم الشان برکتیں پڑیں گی جو آپ کے تصور سے بھی بالا ہوں گی،،

(ماہنامہ خالد ربوہ جون 1986ء)

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ برطانیہ 2004ء کے موقع پر اپنے اختتامی خطاب میں وصیت کے آسمانی نظام میں شامل ہونے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:

"میری یہ خواہش ہے اور میں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ اس آسمانی نظام میں اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے، اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے شامل ہوں، آگے آئیں اور اس ایک سال میں کم از کم پندرہ ہزار نئی وصایا ہو جائیں تا کہ کم از کم پچاس ہزار وصایا تو ایسی ہوں جو ہم کہہ سکیں کہ سو سال میں ہوئیں...... میری خواہش ہے کہ 2008ء میں جو خلافت کو قائم ہوئے انشاء اللہ سو سال ہو جائیں گے تو دنیا کے ہر ملک میں، ہر جماعت میں جو کمانے والے افراد ہیں جو چندہ دہند ہیں ان میں سے کم از کم پچاس فی صد تو ایسے ہوں جو حضرت اقدس مسیح موعود کے اس عظیم الشان نظام میں شامل ہو چکے ہوں اور روحانیت کو بڑھانے کے اور قربانیوں کے یہ اعلیٰ معیار قائم کرنے والے بن چکے ہوں۔ اور یہ بھی جماعت کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے حضور ایک حقیر سا نذرانہ ہوگا جو جماعت خلافت کے سو سال پورے ہونے پر شکرانے کے طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کر رہی ہو گی۔"

(الفضل 8 دسمبر 2005ء)

اسی طرح وصایا کرنے کی تحریک کرتے ہوئے جلسہ سالانہ برطانیہ 2004ء اپنے آخری خطاب میں فرمایا:

"غور کریں، فکر کریں، اب تک جو سستیاں اور کوتاہیاں ہو چکی ہیں ان پر استغفار کریں۔ آگے بڑھیں اور حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے جلد از جلد اس نظام وصیت میں شامل ہو جائیں اور اپنے آپ کو بھی بچائیں۔ اپنی نسلوں کو بھی بچائیں اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے حصہ پائیں۔"

(الفضل 8 دسمبر 2005ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے مجلس انصار اللہ یوکے کے سالانہ اجتماع کے موقع پر اپنے آخری خطاب میں نظام وصیت کے متعلق صف دوم کے انصاروں کو اس مبارک تحریک کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرمایا:

"ایک تو میں نے کہا تھا کہ صفِ دوم کے جو انصار ہیں وہ نظامِ وصیت میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ اگر صفِ دوم کے انصار نے اس طرف توجہ دی ہے اور ان کی اکثریت، بلکہ صفِ دوم کے انصار کو تو سو فیصد شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اگر تو اکثریت شامل ہو گئی ہے تو الحمد للہ اور اگر کوئی مزید گنجائش ہے تو اسے بھی پورا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے اور یہ کوشش مجلس انصار اللہ کی سطح پر ہونی چاہئے۔ اگر وہ معیاری عمل نہیں کئے، جن کی انصار اللہ سے توقع کی جاتی ہے تو تب بھی توجہ کرنی چاہئے۔"

(روزنامہ الفضل 28 جنوری 2010ء)

آخر میں میں ان برکات اور فوائد کو آپ کے لئے اس جگہ اکٹھا کر کے لکھتا ہوں تا کہ آپ ان پر غور کر سکیں اور اگر آپ پہلے سے موصی ہیں تو ان سے فائدہ اٹھائیں گے اور اگر ابھی تک اس نعمت سے فائدہ نہیں اٹھا سکے تو ان فوائد اور برکات پر غور کر کے اس الٰہی نظام میں شامل ہونے کی کوشش کریں گے:

وصیت کے فوائد اور برکات

1۔ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ (حضرت مسیح موعو)

2۔ یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو۔ (حضرت مسیح موعود)

3۔ صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں۔ (حضرت مسیح موعود)

4۔ ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔ (حضرت مسیح موعود)

5۔ وصیت کی تحریک خدا کی طرف سے ہے اور اس کے ساتھ بہت سے انعامات وابستہ ہیں۔ (حضرت المصلح الموعود)

6۔ کوشش کریں کہ ہماری جماعت میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہ رہے جس نے وصیت نہ کی ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

7۔ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ مسیح موعود کے خلیفہ کی تحریک ہے تو اس میں عظیم الشان برکتیں پڑیں گی جو آپ کے تصور سے بھی بالا ہوں گی۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

8۔ اس آسمانی نظام میں اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے، اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے شامل ہوں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ)

9۔ جلد از جلد اس نظام وصیت میں شامل ہو جائیں اور اپنے آپ کو بھی بچائیں۔ اپنی نسلوں کو بھی بچائیں اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے حصہ پائیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ)

10۔ صف دوم کے انصار کو تو سو فیصد شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہیے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ)

درج بالا فوائد کو سامنے رکھتے ہوئے میری آپ سب پڑھنے والوں سے یہ درخواست ہے کہ ہر احمدی مرد اور ہر احمدی عورت جو عاقل اور بالغ ہیں اور چندہ عام کی ادائیگی میں باقاعدہ ہیں اور ابھی تک اس مبارک تحریک میں شامل نہیں ہو سکے، ایک قدم اور آگے بڑھاتے ہوئے اس مبارک تحریک میں شامل ہوں اور ان نعمتوں کے وارث بنیں جو اس تحریک کے ساتھ وابستہ ہیں۔ اے خدا تو ہمیں اس کی جلد توفیق دے۔ آمین ثم آمین۔

بھائی محمد اعظم طاہر صاحب

مکرم محمد ایوب صابر صاحب

میرے بڑے بھائی جو تیسرے نمبر پر تھے نے اپنی جان راہ مولیٰ میں قربان کر کے ضلع بہاولپور کی دھرتی کو اپنے لہو سے آبیاری کر کے حق ادا کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے اور جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین

میٹرک کی تعلیم مقامی ہائی سکول میں مکمل کی۔ پھر ربوہ طبیہ کالج میں حکمت کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ ربوہ کا طبیہ کالج بند ہونے کے بعد بقیہ تعلیم بہاولپور طبیہ کالج میں مکمل کی۔ حکمت کی ڈگری لینے کے بعد اوچ شریف میں کوشش سے فری طبی ڈسپنسری قائم کروائی اور پہلے معالج ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ ٹاؤن کمیٹی کے فنڈ ختم ہونے کی وجہ سے یہ ڈسپنسری بند کر دی گئی تو بھائی نے میڈیکل ٹیکنیشن کورس کے لئے اپلائی کیا۔ یہ کورس رحیم یار خان شیخ زاید ہسپتال میں عرصہ دو سال کے لئے تھا۔ کورس کی تکمیل کے بعد آپ مختلف دیہی ہیلتھ سنٹروں میں کام کرتے رہے۔ جن میں مبارک پور، حیدر پور، اوچ شریف، طاہر والی اور رتڑ لعل شامل ہیں۔ 24 سال کی سروس میں تقریباً 19 سال رتڑ لعل میں گزارے۔ یہ ایک ایسا علاقہ جو دریائے ستلج کے کنارے انتہائی پسماندہ، غریب اور چھوٹی موٹی برائیوں سے بھرا ہوا ہے لیکن بھائی کے اخلاق اور کردار کی وجہ سے آپ کا گرویدہ ہو گیا۔ لوگ اس طرح چاہنے لگے۔ جیسے کوئی مسیحا نفس انسان ان میں موجود ہو۔ گھر کے مسئلے اور مشورے تک آپ سے کرتے حتیٰ کہ الیکشن کے دنوں میں پوچھتے کہ کس کو ووٹ دیں آپ جسے کہیں گے ہم ووٹ دیں گے۔ بھائی انہیں سمجھاتے کہ خود فیصلہ کرو اور صحیح غلط میں فرق کرو تا کہ اچھے لوگ سامنے آئیں۔ غرض جہاں بھی رہے ایک حلقۂ احباب بناتے گئے اور ان کے دلوں میں ایسے بستے گئے کہ جیسے قریبی عزیز و اقارب ہوں۔ کوئی ماں بنی ہوئی ہے تو کوئی بھائی، کوئی بیٹا ہے تو کسی کو والد کا درجہ دیا ہے غرض ایک رشتہ اور ایک سلسلہ قائم کرتے گئے۔

ہمارا ایک بھائی پیدا ہوا جو کچھ دن بعد فوت ہو گیا اس کا نام "محمد محسن" رکھا گیا تھا بھائی اعظم کی جب شادی ہوئی تو آپ کا پہلا بیٹا پیدا ہوا تو آپ نے اس کا نام بھی محمد محسن رکھا۔ خاندان میں سے بعض عورتوں نے کہا یہ نام نہ رکھیں یہ بیماری ہے وغیرہ لیکن بھائی نے ذرا پرواہ نہ کی اور اللہ پہ توکل کر کے یہ نام رکھا۔ خدا کی قدرت کہ ان کا یہ بیٹا بھی کچھ دن بعد بیمار ہو کر فوت ہو گیا۔ آپ نے پھر اپنے دوسرے بیٹے کا نام بھی محسن رکھا اور کہا کہ چاہے کچھ ہو جائے میں یہ نام ضرور رکھوں گا۔ اب اللہ کے فضل سے یہ بیٹا وقف نو میں ہے اور چار سالہ ہومیو پیتھک کا کورس مکمل کرنے کے بعد ایم ایس سی سائیکالوجی کر رہا ہے۔

خدمت دین کو ایک فضل الٰہی جانتے ہوئے ہمہ وقت سرگرداں رہتے۔ جماعتی وقار عمل میں ہمیشہ ہمیں ساتھ لے جاتے اور خوب کام کرتے اور ہم سے بھی کراتے۔ پرانی بیت الحمد اوچ شریف کی تعمیر کے وقت بنیادوں کی کھدائی اور ملبے کو وہاں سے ہٹانے کا کام بخوبی سرانجام دیا۔ اسی طرح نمازوں کی عادت باقاعدہ تھی اور اکثر و بیشتر باجماعت نماز ادا کرتے اور بچوں کو ساتھ نماز میں شامل کرتے۔ جماعتی طور پر سیکرٹری مال کے فرائض سرانجام دے رہے تھے اور جماعتی چندہ کی خاص طور پر احتیاط کرتے کہ کہیں ناجائز خرچ نہ ہو اور اگر کوئی بل زیادہ محسوس کرتے تو وضاحت طلب کرتے کہ کس وجہ سے یہ خرچ زیادہ ہوا ہے۔ شہادت سے دو دن قبل خاکسار والد صاحب کو چیک اَپ کے لئے بہاولپور لے جا رہا تھا تو بھائی نے اپنے بیٹے سے کہا کہ میں تمہیں چندہ اور اس کا حساب بنا کر دے رہا ہوں تم اپنے "چاچو" یعنی خاکسار کے ساتھ چلے جاؤ اور امیر صاحب کو جمع کرا آؤ تو ان کے بیٹے نے کہا کہ ابو شادی کے بعد ہم نے جانا ہے تو اس وقت چندے لے جائیں گے اس پر ذرا سختی سے کہا کہ نہیں ابھی جاؤ اور آج ہی رقم جمع کراؤ۔ چنانچہ وہ رقم ہم نے امیر صاحب کو جا کر دی۔ مرکز اور ضلع میں ہمیشہ صحیح حقائق پیش کرتے۔ عاملہ میں اپنا مشورہ دیتے اور اگر اکثریت قبول نہ کرتی تو اطاعت کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتے اور خاموشی اختیار کر لیتے۔

بھائی اعظم خوب سیرتی اور خوبصورتی کا اعلیٰ امتزاج تھے۔ بچوں سے پیار کا ایک عجیب انداز تھا کبھی اپنی ٹانگوں پہ جھولے دیتے۔ اپنے بچوں کے ساتھ بھی ایسا ہی کرتے اور خوب مزے لیتے۔

آپ نڈر اور دلیر تھے دیہی علاقوں میں رہے راتوں کو اٹھ کر لوگوں کے علاج کے لئے بے باک ہو کر چلے جاتے کوئی خوف دامنگیر نہیں۔ ایک دفعہ رتڑ لعل آپ سرکاری کوارٹر میں رہائش پذیر تھے تو رات ڈاکو آپ کے گھر ڈکیتی کے لئے آئے گھر والے سارے صحن میں سو رہے تھے ان کی آنکھ کھلی دیکھا کہ کوئی شخص صحن میں ہے۔ تو فوراً اپنا لحاف لے کر اس پر چھلانگ لگا دی۔ ڈاکو اچانک گھبرا گئے اور باہر بھاگ گئے تو بھائی بھی باہر تک ان کے پیچھے چلے گئے۔ حالانکہ ان کے پاس اسلحہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور سب گھر والوں کو محفوظ رکھا۔

بہت سی یادیں ہیں محفل میں ہوتے تو محفل کشتِ زعفران ہوتی خوب لطیفے اور واقعے سنا کر محظوظ کرتے۔ خوش لباس، خوش خوراک اور خوش گفتار طبیعت تھی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند کرے آپ کو اپنے قرب میں جگہ دے آپ کے بچوں کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

☆بات کرنے سے پہلے سلام کرنا چاہئے۔ (حدیث نبویؐ)

مکرم محمد افضل متین صاحب

گلہائے چنیدہ

احادیث نبویہؐ، حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کے روح پرور ارشادات

☆ نماز پڑھو، نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ یہ دنیا چند روزہ ہے سب یارو آشنا الگ ہونے والے ہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ ہر قوم کی زندگی اس کے نوجوانوں سے وابستہ ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ ہر ایک سے پیار کرو، کسی سے نفرت نہ کرو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ جھوٹے مذاق بھی نہ کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ کوشش کرو تا متقی بن جاؤ۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ رسم اور بدعات سے پرہیز کریں۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ اللہ تعالیٰ کا تعلق ابدالآباد تک رہنے والا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ مومن کا دل قانع ہونا چاہئے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ اخلاقی استعدادوں کی نشوونما کو کمال تک پہنچائیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ تم فیشن کی پیروی کرنے والے نہ بنو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ بغیر عمل کے سب باتیں ہیچ ہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ روح کی لذت قرآن شریف سے آتی ہے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ سچائی انسان کے قلب پر علم کے ذریعہ سے ہی اثر کرتی ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ تم اپنے عمل سے اپنے آپ کو مفید وجود بناؤ۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ ہر چیز، ہر عمل کا بابرکت ہونے کے لئے دعا پر انحصار ہوتا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ ہر گھر میں روزانہ تلاوت قرآن کریم ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ قرآن کریم کی رخصتوں پر عمل کرنا تقویٰ ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ تہجد میں خاص کر اٹھو اور ذوق شوق سے ادا کرو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ اپنی طاقتوں اور عمر کے ایام کو غنیمت سمجھو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ ایک احمدی دوسرے احمدی کا روحانی رشتہ دار ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ تم نے آگے نکلنا ہے اور ساری دنیا سے آگے نکلنا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ جو پودے آپ نے لگائے ہیں ان کی حفاظت کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ اللہ تعالیٰ متقی سے پیار کرتا ہے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ صدقات مال کو پاک کر دیتے ہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ ہمارا اصل پروگرام تو وہی ہے جو قرآن میں ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ انتہائی ایثار اور قربانی دینے کا وقت ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ نماز کو اللہ تعالیٰ کی محبت کے رنگ سے بھرنے کی کوشش کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ نظام جماعت کے ساتھ ہمیشہ چمٹے رہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ اولاد سے عزت کا سلوک کرو اور نرمی کا سلوک کرو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ بدظنی کرنے والا ہمیشہ خسارہ میں رہتا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ تقویٰ کی باریک راہوں پر قدم مارو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ ایسی نمازیں پڑھنے کی کوشش کریں جن سے خدا راضی ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ خلیفہ وقت کے قدموں پر آپ کا قدم ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ نیک بخت وہی ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ نمازوں کو باقاعدہ التزام سے پڑھو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ چھوٹی چھوٹی بدیاں جمع ہو کر آخر انسان کو پیس ڈالتی ہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کی اصلاح کی فکر کرو۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ احمدی نوجوان زیادہ سے زیادہ تعداد میں اپنی زندگیاں وقف کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ اپنے بیوی بچوں کو بھی نماز پڑھنے کی تلقین کیا کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ دعاؤں کی عادت ڈالیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ جو ہمیں دھوکہ دے اس کا ہم سے کوئی واسطہ نہیں۔ (حدیث نبویؐ)

☆ یاد رکھو جھوٹ جیسی کوئی منحوس چیز نہیں۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ خدا سے رشتہ پیدا کرنا چاہتے ہو تو خود بھی پاک ہو جاؤ۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ احباب ذکر الٰہی کثرت سے کریں۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ ایک احمدی کا وقت ضائع ہونے سے بچنا چاہئے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ اپنے ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے دعائیں کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ ہر احمدی بچے کو ایف۔ اے ضرور کرنا چاہئے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ حیا سراسر خیر و برکت ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ دعا تریاق ہے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ میں چاہتا ہوں کہ تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ لوگ گلیوں میں گند نہ پھینکیں۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ اتنی محنت کرو کہ کوئی دوسرا انسان اتنی محنت نہ کرتا ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ اپنے والدین کو بھی نمازوں پر قائم کرنے کی کوشش کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ اپنے اندر برداشت کا مادہ پیدا کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ والدین کا نافرمان جنت میں داخل نہیں ہوتا۔ (حدیث نبویؐ)

☆ اپریل فول ایک گندی رسم ہے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ انسان کی نیکی اور تقویٰ کا پتہ مالی معاملات میں لگتا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ ہمارے خدام کو مشینری کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ اے میرے پیارے بچو! اپنے دل میں اللہ کا خوف پیدا کرو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان پر ظلم ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ سچ نجات دیتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ اگر سارا گھر غارت ہوتا ہے تو ہونے دو نماز کو ترک مت کرو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ سوچو اور غور کرو کہ تقویٰ کے سوا فائدہ نہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ ہماری جماعت کو اب تجارت کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ سورۃ بقرہ کی پہلی سترہ آیات زبانی یاد کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ دنیا کی فتح حسن سلوک پر مبنی ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ کھانا کھا کر کلی بھی کرنی چاہئے اور ہاتھ بھی دھونے چاہئیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ نمازوں کو سنوار سنوار کر ادا کرو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ تم اپنا نمونہ پیش کرو لوگ تمہاری بات ماننے لگ جائیں گے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ نماز کا ترجمہ ہر احمدی کو آنا چاہئے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ اپنے بھائیوں کی پردہ پوشی کرو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ کسی پر ظلم نہ کرو، نہ تیزی کرو، نہ کسی کو حقارت سے دیکھو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ ہر ایک شخص کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کا محاسبہ کرے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ اپنی اولاد کی عزت کرو اور اچھے رنگ میں ان کی تربیت کرو۔ (حدیث نبویؐ)

☆ خدا تعالیٰ کی طرف سعی کرنے والا کبھی ناکام نہیں رہتا۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ بہت بولنے کی عادت کم کرو بہت بولنے سے دل مر جاتا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ مرکز سلسلہ میں مکان بنوائیں یہ دنیا نہیں بلکہ دین ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ آپ کے چہرہ پر ہمیشہ بشاشت رہنی چاہئے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ راتوں کو اٹھ کر بہت رویا کرو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ آپ کی ہر ترقی کا راز خلافت سے وابستگی میں ہی مضمر ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ غیبت قتل سے زیادہ بری ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ پہلی حالت انسان کی نیک بختی کی یہ ہے کہ والدہ کی عزت کرے۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ مصائب شدائد پر صبر کرنے والوں کو اجر ملتے ہیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ آوارگی کو دور کرنے سے علم بڑھتا ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ ہم ہمیشہ مسکراتے رہیں گے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ ہماری نسلوں کو اگر سنبھالنا ہے تو قرآن کریم نے سنبھالنا ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ بہت دعائیں کریں ، بہت دعائیں کریں، بہت دعائیں کریں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ متقی کے لئے ضروری ہے کہ اس کا ایمان سچا ہو۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ باہمی گفتگو میں دھیما پن اور وقار قائم رکھیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ اپنے نفسانی جوشوں سے کسی کو تکلیف مت دو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ ناپاک انسان پاک انسان سے تعلق پیدا نہیں کرسکتا۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ کسی کے سپرد کوئی کام ہو تو وہ کام کو پورا کرکے چھوڑے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ احمدی بچے وقف جدید کا سارا بوجھ اٹھائیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

☆ ہر وہ بات کریں جس سے آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

☆ مہمانوں کی عزت واحترام کو اپنا شعار بنائیں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

☆ راستہ سے کانٹا ہٹا دینا بھی نیکی ہے۔ (حدیث نبویؐ)

☆ نیکی کو سنوار کر ادا کرو اور بدی سے بیزار رہ کر ترک کرو۔ (حضرت مسیح موعود)

☆ عمر دم بدم گزرتی اور برف کی طرح پگھلتی جاتی ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الاول)

☆ تہجد کا پڑھنا خدا کے قرب کے حصول کے لئے بڑا امدگار ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

☆ یہ خیال رہنا چاہئے کہ میں اپنے رب کو ناراض نہ کروں۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم میں سے ہر ایک کو ان فرمودات کو یاد رکھنے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مکرم انور ندیم علوی صاحب

محترم چودھری محمود احمد چیمہ صاحب کا ذکر خیر

مکرم چودھری محمود احمد صاحب چیمہ مربی سلسلہ خاکسار کی بیگم محترمہ کوثر جبیں چیمہ صاحبہ کے سگے ماموں تھے۔ اسی رشتہ کی مناسبت سے ہم بھی انہیں ماموں جان ہی کہتے تھے آپ کی صاحبزادی محترمہ طیبہ چیمہ پرنسپل جامعہ نصرت گرلز کالج اور میری بیگم پہلے ربوہ میں اور پھر لاہور کالج فار ویمن میں اکٹھی پڑھتی رہی ہیں۔ فرسٹ کزن اور کالج فیلو ہونے کی وجہ سے دونوں میں سگی بہنوں جیسے تعلقات ہیں۔ 1978ء میں ہماری شادی کی بات چلی تو ماموں جان کے والد محترم چودھری عطاء اللہ چیمہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ اگرچہ ان سے یہ پہلی آخری اور مختصر ملاقات تھی۔ تاہم بات چیت سے اندازہ ہوا کہ آپ ایک جہاں دیدہ، علم سے محبت کرنے والے پُرجوش داعی الی اللہ ہیں۔ چودھری عطاء اللہ چیمہ صاحب نے بیٹیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا اور اپنی اکلوتی نرینہ اولاد چودھری محمود احمد چیمہ کو خدمت سلسلہ کے لئے وقف کر دیا۔ آپ کا ضلع سرگودھا کے علاوہ لیہ میں بھی زرعی رقبہ تھا مگر اپنے اکلوتے بیٹے کو زمینداری کے کاموں میں اپنا معاون و مددگار بنانے کی بجائے خدمت دین کے لئے وقف کیا۔ چودھری عطاء اللہ چیمہ صاحب اپنے زمینداری امور سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ دعوت الی اللہ میں بھی سرگرم رہتے۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر لیہ سے غیر از جماعت دوستوں کو کافی تعداد میں ساتھ لاتے۔ نئے احمدی ہونے والے احباب کا بہت خیال رکھتے اور ان کی مشکلات کم کرنے کے لئے ہمہ وقت کمربستہ رہتے۔

